حصہ الف (کثیر انتخابی سوالات)

سوال ۱۔ مندرجہ ذیل سوالات کے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

(۱) ملک کا پہلا ہتھیار اور اسلحہ سازی کا کارخانہ ______ کے مقام پر قائم کیا گیا۔

(الف) لاہور (ب) کراچی (ج) فیصل آباد (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

(۲) چیزوں کو ان کے صحیح مقام پر ترتیب دینا ______ کہلاتا ہے۔

(الف) عدل (ب) اخوت (ج) مساوات (د) رواداری

(۳) مسلم لیگ ______ میں قائم ہوئی۔

(الف) 1907ء (ب) 1908ء (ج) 1905ء (د) 1805ء

(۴) 1973ء کے آئین میں بتایا گیا ہے کہ حاکمیت اور اقتدارِ اعلیٰ ______ کے پاس ہے۔

(الف) پارلیمنٹ (ب) سینیٹ (ج) عدلیہ (د) اللہ تعالیٰ

(۵) 1973ء کے آئین کی بنیاد قرارداد ______ پر رکھی گئی۔

(الف) پاکستان (ب) لاہور (ج) مقاصد (د) اتحاد

(۶) پاکستان کو ______ آب و ہوائی خطوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 7 (د) 4

(۷) بنگلہ دیش کو ______ اسلامی سربراہی کانفرنس میں تسلیم کیا گیا۔

(الف) پہلی (ب) دوسری (ج) تیسری (د) چوتھی

(۸) پاکستان کی قومی زبان ______ ہے۔

(الف) سندھی (ب) بلوچی (ج) اردو (د) پنجابی

(۹) فضائی کرہ میں پانی کی تبخیر تقریباً ______ ہے۔

(الف) 5% (ب) 4% (ج) 3% (د) 2%

(۱۰) پاکستان کی آخری مرتبہ مردم شماری ______ میں ہوئی تھی۔

(الف) 1988ء (ب) 1996ء (ج) 1995ء (د) 1999ء

(۱۱) ______ برقی سامان میں استعمال ہوتا ہے۔

(الف) تانبا (ب) لوہا (ج) اسٹیل (د) سیسہ

(۱۲) انسانی جسم کے کل وزن کا ______ فیصد پانی ہے۔

(الف) 50 (ب) 60 (ج) 70 (د) 40

(۱۳) ______ توانائی سرطان کے علاج کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

(الف) ایٹمی (ب) شمسی (ج) مشینی (د) آوازکی

(۱۴) پاکستان میں ______ سے زائد زبانیں بولی جاتی ہیں۔

(الف) 15 (ب) 10 (ج) 40 (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

(۱۵) کسی ملک کی ترقی کے لیے لازمی جزو ______ ہے۔

(الف) [illegible] (ب) زراعت (ج) آبادی (د) تعلیم